# اپنی ادویات کو ٹیسٹ کرنے کا طریقہ

# Xylazine (ژائلازین) ٹیسٹ اسٹرپ کا استعمال کرنا

NYC Health

## xylazine (ژائلازین) کیا ہے؟

Xylazine (ژائلازین)، جسے عام طور پر "tranq" (ٹرینک) سے جانا جاتا ہے، جانور کی ایک ایسی سکون بخش دوا ہے جو انسانوں میں شدید مسکن کا سبب بن سکتی ہے اور جس سے زائد خوراک کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ یہ افیم جیسی دوا نہیں ہے لیکن یہ تقریبا ہمیشہ نیو یارک سٹی کی ادویات کی سپلائی میں fentanyl (ایک طاقتور مصنوعی افیم جیسی دوا) کے ساتھ ایک ساتھ پائی گئی ہے۔ Xylazine (ژائلازین) کئی طرح کے شدید جلدی زخم کا سبب بن سکتی ہے، جس کا علاج کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔



ٹسیٹ اسٹرپ اور پیکیج کا خاکہ

# میں اپنی ادویات میں xylazine (ژائلازین) کی جانچ کیسے کر سکتا ہوں؟

یہ بتانے کا سب سے درست طریقہ یہ ہے کہ آیا آپ کی ادویات میں xylazine (ژائلازین) شامل ہے ان تمام ادویات کو ٹیسٹ کرنا ہے جن کا آپ xylazine ٹیسٹ اسٹرپ کے ساتھ استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، کیونکہ اس کو ہمیشہ یکساں طور پر نہیں ملایا جاتا ہے۔ ٹیسٹ اسٹرپس آپ کو بتا سکتی ہیں کہ آیا آپ کی ادویات میں xylazine (ژائلازین) موجود ہے یا نہیں، لیکن یہ نہیں بتا سکتی کہ یہ کتنی مقدار میں ہے یا کتنی طاقتور ہے۔

## 1۔

اپنی ادویات کا کم از کم 10 ملی گرام (mg) (ایک پیسے پر Abraham Lincoln کے بالوں کو ڈھانپنے کے لئے کافی ہے) کو ایک صاف، خشک کنٹینر (جیسے دوا کی پیمائش کرنے والا کپ) یا پلاسٹک مائیکرواسکوپ میں ڈالیں۔

- اگر آپ اپنی 10 mg ادویات ٹیسٹ نہیں کر سکتے تو کم از کم چند دانے صاف، خشک کنٹینر میں ڈالیں۔ آپ اپنی ادویات کو کسی پلاسٹک کے تھیلے میں بھی رکھ سکتے ہیں، تھیلے کو ملانے کیلئے ہلائیں، تھیلے کو خالی کریں، اور پھر باقی ماندہ دوا کے حصے میں پانی ڈالیں اور ٹیسٹ کریں۔

## 2۔



اپنی ادویات کے ہر 10 mg کیلئے 5 ملی لیٹر (1 چائے کا چمچ) پانی ڈالیں اور ہلائیں۔

## 3۔



ٹیسٹ اسٹرپ کو پانی میں متحرک سائیڈ کے ساتھ نیچے رکھیں۔ اسٹرپ کو 15 سیکنڈ کے لئے پانی جذب ہونے دیں۔

**4-**

اسٹرپ کو پانی سے باہر نکالیں اور اسے نتائج پڑھنے سے پہلے برابر زمین پر پانچ منٹ کے لئے رکھیں۔ اسٹرپ کو پانی سے نکالنے کے 10 منٹ کے اندر نتائج کو ضرور پڑھیں۔

اگر آپ کے پاس fentanyl ٹیسٹ اسٹرپس بھی ہیں، تو آپ اسی نمونے کا استعمال کرتے ہوئے اپنی ادویات کو فینٹانائل اور xylazine (ژائلازین) کے لئے ٹیسٹ کر سکتے ہیں۔

## ٹیسٹ کے نتائج کا کیا مطلب ہے؟



ایک لائن ایک **مثبت ٹیسٹ** ہے، یعنی آپ کی ادویات میں xylazine (ژائلازین) کا پتہ چلا ہے۔ رہنمائی کیلئے "اگر مجھے ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ ملتا ہے یا مجھے لگتا ہے کہ میری ادویات میں xylazine (ژائلازین) موجود ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے" دیکھیں۔



دو لائنز (یہاں تک کہ اگر دوسری لائن بہت کمزور ہے) ایک **منفی ٹیسٹ** ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ کی ادویات میں xylazine (ژائلازین) کا پتہ **نہیں** چلا ہے۔ تاہم، کوئی ٹیسٹ 100% درست نہیں ہوتا ہے، لہٰذا محتاط رہیں اور خطرے کو کم کرنے کے طریقے استعمال کریں (اس بروشر کے پیچھے "میں اپنی زائد خوراک کے خطرےکو کم کرنے کے لئے کیا کر سکتاہوں؟؟" دیکھیں) بشرطیکہ آپ ادویات استعمال کرتے ہیں۔



اسٹرپ کے متحرک حصے کے قریب بلا لائن یا ایک لائن **غلط ٹیسٹ** ہے۔ دستیاب ہونے پر نئی اسٹرپ کے ساتھ اپنی دوائیوں کا دوبارہ ٹیسٹ کریں۔

کچھ حالات میں غلط نتیجہ حاصل ہونے کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کی ادویات میں xylazine (ژائلازین) نہ ہونے کے باوجود بھی کچھ مادے، جیسے کہ "lidocaine"(لڈوکین) آپ کو غلط مثبت دے سکتا ہے۔ اگر نتائج کے بارے میں آپ کے سوالات ہیں تو اپنی ادویات کو دوا چیک کرنے کے مقام پر لائیں یا **drugchecking@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔ مقامات کی ایک فہرست کیلئے، **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/alcoholanddrugs** ملاحظہ کریں۔

## اگر مجھے ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ ملتا ہے یا مجھے لگتا ہے کہ میری ادویات میں xylazine (ژائلازین) موجود ہے تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟

- ادویات کا استعمال نہ کرنے پر غور کریں، خاص طور پر اگر آپ تنہا ہیں یا کسی ایسی جگہ پر ہیں جہاں طویل عرصہ تک بے ہوش رہنا خطرناک ہو سکتا ہے۔
- نگرانی کے تحت استعمال کرنے کے لیے انہیں زائد خوراک کی روک تھام کے مرکز میں لے کر آئیں۔
- اگر آپ کی جلد پر زخم ہیں تو xylazine (ژائلازین) کا استعمال جاری رکھنے سے وہ مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ xylazine (ژائلازین) استعمال نہ کرنے پر غور کریں تاکہ زخم بھر سکیں۔ اگر آپ کے ایسے زخم ہیں جو بھرتے نہیں ہیں یا ختم نہیں ہوتے ہیں تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔ فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد کے لیے، **311** یا 844-692-4692 پر کال کریں۔

# مجھے xylazine (ژائلازین) ٹیسٹ اسٹرپس کہاں سے مل سکتی ہیں؟

آپ **mattersnetwork.org/request-test-strips** پر MATTERS نیٹ ورک سے بلا عوض سمیت مینوفیکچررز سے آن لائن ذاتی استعمال کیلئے xylazine (ژائلازین) ٹیسٹ اسٹرپس کا آرڈر کر سکتے ہیں۔

# میں اپنی زائد خوراک کے خطرے کو کم کرنے کے لئے کیا کر سکتا ہوں؟

- تنہا ادویات استعمال کرنے سے بچیں اور ترتیب وار لیں۔
  - اگر آپ تنہا استعمال کرنے جا رہے ہیں، تو استعمال کرنے سے پہلے Never Use Alone ہاٹ لائن کو 877-696-1996 پر کال کریں۔ ہم منصب ساتھی فون پر 24/7 حفاظت کی نگرانی بلا فیصلہ — کر سکتے ہیں۔





- کسی ایسے شخص سے درخواست کریں جس پر آپ اعتماد کرتے ہیں کہ وہ آپ کو باقاعدگی سے چیک کرے۔
- تھوڑی مقدار میں لیں۔
- ادویات کو ملانے سے بچیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس naloxone ہے — ایک ایسی دوا جو تقریبا — افیم جیسی دوا زائد خوراک کو برعکس کر سکتی ہے۔ naloxone حاصل کرنے کی جگہ تلاش کرنے کیلئے، **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/naloxone** ملاحظہ کریں۔




مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/alcoholanddrugs** ملاحظہ کریں۔